بھوٹان کے بادشاہ بھوٹان جیگمے خیسر نامگیل وانگچک کے بھارت کے سرکاری دورے پر مشترکہ بیان (06-05 دسمبر 2024)

05 دسمبر 2024

بھوٹان کے بادشاہ، مہاراج جیگمے خیسر نامگیل وانگچک اور بھوٹان کی ملکہ، مہارانی جیٹسن پیما وانگچک، 06-05دسمبر 2024 سے ہندوستان کے سرکاری دورے پر ہیں۔ مہاراج اور مہارانی کے ساتھ توانائی اور قدرتی وسائل کے وزیر جناب مسٹر گیم شرنگ اور بھوٹان کی شاہی حکومت کے اعلی عہدیدار بھی ہیں۔

2. اس دورے پر بھوٹان کے بادشاہ اور وزیر اعظم شری نریندر مودی کے درمیان ہونے والی بات چیت میں دوطرفہ تعاون اور باہمی مفاد والے علاقائی اور عالمی امور کے پورے حصے کا احاطہ کیا گیا۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور اعلی عہدیداروں نے بھوٹان کے بادشاہ سے ملاقات کی۔

3۔ بھارت اور بھوٹان کے درمیان دوستی اور تعاون کے انوکھے تعلقات ہیں جن میں ہر سطح پر آپسی سمجھ، اعتماد اور غیر معمولی تعاون کی خصوصیت پائی جاتی ہے۔ دوطرفہ بات چیت گہری دوستی کے جذبے سے منعقد ہوئی تھی اور اس نے دونوں ممالک کے مابین موجود مضبوط تاریخی تعلقات، خیر سگالی اور سمجھ کی عکاسی کی۔

4۔ دونوں رہنماؤں نے مارچ 2024 میں اپنی آخری ملاقات کے بعد سے ہونے والی اہم پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور باہمی تعاون کے مختلف شعبوں پر محیط اعلی سطحی دوروں اور مشاورت کا خیرمقدم کیا۔ انہوں نے تجارت اور معاشی رابطے، بنیادی ڈھانچے، توانائی، مہارت کی ترقی، تعلیم، صحت، ثقافتی ورثہ، صلاحیت سازی، کھیل، نوجوانوں کے تبادلے، ڈیجیٹل معیشت، ای موبلیٹی، اسپیس ٹکنالوجی، ماحولیات کا تحفظ اور عوام کے عوام سے رابطے سمیت دونوں ممالک کے مابین بڑھتی ہوئی شراکت کا مثبت اندازہ لگایا۔

5. بادشاہ سلامت اور بھارت کے وزیر اعظم نے دوطرفہ تعلقات کی عمدہ حالت پر اطمینان کا اظہار کیا اور ان مثالی تعلقات کو مزید تقویت دینے کے اپنے عزم کی توثیق کی۔ بادشاہ سلامت نے اس انمول حمایت کی تعریف کی جو حکومت ہند بھوٹان کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے فراہم کرتی ہے۔

6. وزیر اعظم نے بھوٹان کے ساتھ دوستی اور تعاون کے پائیدار رشتے کے لئے ہندوستان کی مستقل وابستگی کی توثیق کی اور شاہی حکومت کی ترجیحات اور جہاں پناہ کے نقطہ نظر کے مطابق بھوٹان میں سماجی و معاشی ترقی کی مسلسل اور مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔

7. بھوٹانی فریق نے 13 ویں پنج سالہ منصوبے (2024-29) کے تحت بھوٹان کے لئے ترقیاتی حمایت اور RGoB کے معاشی محرک پروگرام کے لئے ہندوستان کی حمایت میں اضافہ کرنے پر GoI کا شکریہ ادا کیا۔

8. جہاں پناہ نے وزیر اعظم کے ساتھ گیلیفو مائنڈفلنس سٹی اسپیشل ایڈمنسٹریٹو خطے کے لئے اپنے نقطہ نظر کے نفاذ میں پیشرفت کا اشتراک کیا اور بتایا کہ بھارت اور بھوٹان کس طرح سے دونوں ممالک کے لوگوں اور اس خطے کی بہتری کے لئے اس منصوبے پر مل کر کام کرسکتے ہیں۔ وزیر اعظم نے بادشاہ سلامت کو گیلیفو مائنڈفلنس سٹی پروجیکٹ کے لئے ہندوستان کی

مستقل حمایت کا یقین دلایا جو بھوٹان اور سرحدی علاقوں میں بھی خوشحالی اور فلاح و بہبود لائے گا اور دونوں ممالک کے مابین معاشی اور سرمایہ کاری کے روابط کو مزید تقویت بخشے گا۔

9. صاف توانائی میں تعاون بھارت اور بھوٹان کے درمیان دوطرفہ شراکت کا اہم ستون ہے۔ وزیر اعظم مودی کے مارچ 2024 میں بھوٹان کے دورے کے دوران جاری کردہ بھارت-بھوٹان انرجی پارٹنرشپ کے بارے میں مشترکہ نقطہ نظر کے بیان میں بتائے گئے باہمی طور پر فائدہ مند تعاون کو مستحکم کرنے کے اپنے عزم کی تصدیق کرتے ہوئے رہنماؤں نے ہندوستانی فنانسنگ اور توانائی کی منڈیوں تک رسائی کے ذریعہ ہندوستانی اور بھوٹانی اداروں کے مابین غیر ہائیڈرو قابل تجدید توانائی کے شعبے میں اسٹریٹجک شراکت داری میں حالیہ پیشرفت کا جائزہ لیا۔

10۔ انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ 1020 میگاواٹ کا پوناتشنگچھو-II ہائیڈرو پاور پروجیکٹ مکمل ہونے والا ہے اور مستقبل قریب میں اس کے چالو ہونے کی امید ہے۔ رہنماؤں نے پوناتشنگچھو-I ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کے جلد پورا ہونے کی ضرورت پر اتفاق کیا۔ دونوں فریق نے پن بجلی کے شعبے میں تعاون کی اہمیت نیز آبی ذخائر کے منصوبے سمیت نئے منصوبوں کے لئے فوری طور پر طریقہ کار کو حتمی شکل دینے کے ذریعے اس کو آگے بڑھانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

11۔ دونوں رہنماؤں نے آسام کے دارنگا میں مربوط چیک پوسٹ کے افتتاح پر اطمینان کا اظہار کیا جس سے مشرقی بھوٹان اور آسام کے ملحقہ سرحدی علاقوں میں سیاحت اور معاشی سرگرمی کو فروغ مل سکتا ہے۔

12. انہوں نے اس بات پر بھی اطمینان ظاہر کیا کہ پچھلی میٹنگوں کے دوران جن متعدد اقدامات پر اتفاق ہوا تھا، جیسے سرحد پار سے رابطے اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس، وہ لگاتار آگے بڑھ رہے ہیں، جن میں دو کراس بارڈر ریل لنکس کے قیام اور ڈیجیٹل رابطے کو فروغ دینا شامل ہیں۔ دونوں فریق نے دوطرفہ تجارت اور سوداگری کو مزید بہتر بنانے کے لئے حالیہ لیے گئے فیصلوں پر بھی توجہ دی۔

13. رہنماؤں نے خلائی شعبے میں ہونے والی پیشرفت کا خیرمقدم کیا، خاص طور پر تعاون کے لئے عمل کے مشترکہ منصوبے کے نفاذ اور تعلیم کے شعبے میں بڑھتے تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا، جس میں STEM مضامین پر خاص زور دیا گیا۔

14. بھوٹان کے بادشاہ کے دورے سے دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے تبادلوں کی دیرینہ روایت کو تقویت ملی ہے۔ بادشاہ سلامت کے دورے نے دونوں ممالک کو دو طرفہ تعاون کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے اور بھارت اور بھوٹان کے درمیان قریبی دو طرفہ شراکت داری کو آگے بڑھانے کا موقع فراہم کیا۔

نئی دہلی

05 دسمبر 2024